حرف اوّل

بسم اللہ الرحمن الرحیم

منتخب نصاب کے سلسلۂ دروس کی تکمیل

ماہنامہ حکمت قرآن' مرکزی انجمن خدام القرآن لاہور کی دعوت رجوع الی القرآن کا نقیب ہے اور گزشتہ 23 برس سے علوم وحکم قرآنی کی نشرو اشاعت میں مقدور بھر حصہ لے رہا ہے۔ مرکزی انجمن خدام القرآن لاہور کا قیام 1972ء میں عمل میں آیا تھا اور اس کا 32واں سالانہ اجلاس 31 دسمبر کو منعقد ہو رہا ہے۔ ان 32 برسوں میں مرکزی انجمن نے قرآن حکیم کے علم وحکمت کی وسیع پیمانے پر تشہیر واشاعت کے لئے دروس قرآن کے حلقوں' قرآن کانفرنسوں' محاضراتِ قرآنی اور دورۂ ترجمہ قرآن کے پروگراموں کا بھرپور اہتمام کیا اور قرآن اکیڈمی اور قرآن کالج جیسے ادارے قائم کیے۔ اس دوران کراچی' ملتان' فیصل آباد' سرگودھا' پشاور اور جھنگ میں بھی اسی مقصد جلیلہ کے لئے انجمن ہائے خدام القرآن قائم ہوئیں اور ان میں سے بعض شہروں میں قرآن اکیڈمیز بھی قائم ہو گئیں۔ حکمت قرآن کے زیر نظر شمارے میں' جو نومبر دسمبر کی مشترکہ اشاعت کا حامل ہے' مرکزی انجمن اور منسلک انجمنوں کی کارکردگی کی رپورٹ (برائے سال 04-2003ء) شامل اشاعت کی جا رہی ہے۔

مطالعۂ قرآن حکیم کا منتخب نصاب تحریک رجوع الی القرآن اور فریضہ اقامت دین کی جدوجہد کے لئے بنیاد اور اساس کا درجہ رکھتا ہے اور سورۃ الحدید اس منتخب نصاب کا ذروۂ سنام اور کلائمکس ہے۔ حکمت قرآن میں منتخب نصاب کے دروس کی سلسلہ وار اشاعت کا آغاز نومبر 1996ء کے شمارے سے ہوا تھا اور زیر نظر شمارے میں سورۃ الحدید کے درس کی آخری قسط کی اشاعت کے ساتھ یہ سلسلہ پایۂ تکمیل کو پہنچ رہا ہے۔ **فللّٰہ الحمد!**

گزشتہ شمارے میں لطف الرحمٰن خان صاحب کے قلم سے ''ترجمہ قرآن مجید مع صرفی و نحوی تشریح'' کے سلسلۂ اسباق کی اشاعت کا آغاز کیا گیا تھا۔ اس پر ہمیں قارئین کے متعدد خطوط موصول ہوئے ہیں جن میں اس اقدام کو سراہا گیا ہے اور اس کا تسلسل برقرار رکھنے کی خواہش کا اظہار کیا گیا ہے۔ ہم اپنے قارئین کو یقین دلاتے ہیں کہ ان شاء اللہ العزیز ''فہم القرآن'' کا یہ سلسلہ جاری رہے گا۔ ہم قارئین سے بھی یہ امید کرتے ہیں کہ وہ اس سلسلہ اسباق سے کماحقہٗ فائدہ اٹھائیں گے اور اسے قرآن فہمی کے لئے ایک ذریعہ بنائیں گے۔ OO